# FIRST TERMINAL EVALUATION 2023 - 24

STD X

**First Language Part 1**

**URDU**

Time : 1 1/2 Hour
Score : 40

**Model Answers Prepared by :**
**FAISAL VAFA, HST URDU, GHSS CHALISSERY, PALAKKAD**
**9846907761, faisalvafa@gmail.com**

1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی 3 کے جواب لکھیے۔ 3x1=3

1. جس طرح کتے لڑتے ہیں ایک استخوان پر ہر آن ٹوٹ پڑتا ہے روٹی کے خوان پر

بچّو، اس شعر میں شاعر کس کے بارے میں بیان کرتا ہے؟ (مالدار، دکان دار، مفلسی) 1

☆ مفلسی

2. گروہ سے نامناسب لفظ چن کر لکھیے۔ (غزل، نظم، ناول) 1

☆ ناول

3. صحیح جملہ کون سا ہے؟ 1

a) ظفرعلی سڑک پر آہستہ آہستہ چل رہی ہے۔ b) ظفرعلی سڑک پر آہستہ آہستہ چل رہا ہوں۔

c) ظفرعلی سڑک پر آہستہ آہستہ چل رہا ہے۔

☆ c) ظفرعلی سڑک پر آہستہ آہستہ چل رہا ہے۔

4. 'کاغذ کی کشتی' گیت میں شاعر کس زمانے کے بارے میں بیان کرتا ہے؟ (جوانی، بچپن، بڑھاپا) 1

☆ بچپن

5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی 3 کے جواب لکھیے۔ 3x2=6

5. خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملائیے۔ 2

☆

| الف | ب |
|---|---|
| کابلی والا | رابندر ناتھ ٹیگور |
| غریبوں کا مسیحا | ندا فاضلی |
| ستاتی ہے مفلسی | نظیر اکبر آبادی |
| کاغذ کی کشتی | سدرشن فاخر |

6. بچّو، اشعار غور سے پڑھیے اور ان میں سے مدر تریسا کے بارے میں لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔ 2

a) نہ دنیا کا غم تھا نہ رشتوں کا بندھن بڑی خوب صورت تھی وہ زندگانی

b) جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی

c) ہر دھوپ میں چھاؤں سی ہر سر پہ دعاؤں سی روتی ہوئی آنکھوں کی بھاشا کو جو پڑھتی تھی

☆ c) ہر دھوپ میں چھاؤں سی ہر سر پہ دعاؤں سی
روتی ہوئی آنکھوں کی بھاشا کو جو پڑھتی تھی

7. مناسب کردار کو چن کر خانہ پورا کیجیے۔ ( رحمت، ظفر علی، لکشمی ) 2

| | | | |
|---|---|---|---|
| a | محنت رنگ لائی | .......................... | آپ بیتی |
| b | کابلی والا | کہانی | ....................... |

☆ a) لکشمی

b) رحمت

8. جملے غور سے پڑھیے اور گاؤں کے بارے میں لکھے ہوئے مناسب دو جملے چن کر لکھیے۔ 2

a) بڑی بڑی عمارتیں اور گاڑیوں کی بھیڑ ہے۔

b) صاف ستھرے ندی نالے ہیں۔

c) بڑے کارخانوں کی وجہ سے آب و ہوا آلودگی سے بھرا ہوا ہے۔

d) دور دور تک پھیلے ہرے بھرے کھیت ہیں۔

☆ b) صاف ستھرے ندی نالے ہیں۔

d) دور دور تک پھیلے ہرے بھرے کھیت ہیں۔

9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی 5 کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ 5x3=15

9. ساجن آئی اے ایس کا امتحان پاس ہو کر آپ کے ضلع کے کلکٹر بن گئے ہیں۔
بچّو، اگر آپ کو کلکٹر ساجن سے ملنے کا موقع ملا تو کیا کیا سوالات کریں گے؟ تین سوالات تیار کیجیے۔ 3

☆ آپ کون سے کالج میں پڑھتے تھے؟
آپ کا بچپن کیسا تھا؟
آئی اے ایس کے لیے آپ کس سے متاثر ہو گئے تھے؟

10. لکشمی ایک غریب عورت ہے۔اس طرح ہمارے آس پاس بھی بہت غریب لوگ رہتے ہیں۔
بچّو، غریبوں کی مدد کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں؟ اپنے خیالات لکھیے۔ 3

☆ غریب لوگ بہت سی مشکلات سہنے والے ہیں۔ان کے پاس پیسے کی کمی ہے، کھانے پینے کی چیزیں تو نہیں ہیں، پہننے کے لیے کپڑے نہیں ہوں گے، رہنے کے لیے مکان بھی نہیں ہوتے ہیں۔اس لیے ہم ان لوگوں کے لیے ایسی سہولتوں کا انتظام کر سکتے ہیں۔یہ ان کے لیے ہماری طرف سے مدد ہو سکتی ہے۔

11. آج کل ندی نالے کچرا ڈالنے کی جگہ بن گئے ہیں۔
ندی نالوں کی حفاظت کے لیے آپ کے گاؤں میں ایک جلوس نکلنے والا ہے۔
بچّو، جلوس کے لیے تین نعرے تیار کیجیے۔ 3

جیسے : ندی نالے فطرت کا وردان ہے۔

☆ فطرت کا بچاؤ ؛ ندی نالوں کی حفاظت!
ندی نالوں کا پانی گندہ مت کرو!
ندی نالوں میں کوڑا کرکٹ مت ڈالو!

12. 'کابلی والا' رابندر ناتھ ٹیگور کی ایک مشہور کہانی ہے۔ 3
a) بچّو، اس کہانی کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔
b) پسندیدہ ایک کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

☆ a) رحمت اور منّی اس کہانی کے دو کردار ہیں۔
b) کہانی 'کابلی والا' میں میرا پسندیدہ کردار رحمت ہے۔ وہ کابل کا رہنے والا ہے۔
رحمت ایک بنجارہ آدمی ہے۔وہ گھر گھر گھوم کر خشک میوے اور کپڑے بیچتا ہے۔
وہ پانچ برس کی بچّی منّی سے دوستی کرتا ہے۔
رحمت اور منّی کی عمر میں زمین آسمان کا فرق ہے۔

13. وہ بھوک کی مسجد میں روٹی کی عبادت تھی — وہ درد کے گرجا میں انسان کی خدمت تھی
یہ شعر مدر تریسا کے بارے میں ہے۔
a) بچّو، اس کا شاعر کون ہے؟ 3
b) مدر تریسا غریبوں اور لاچاروں کی ماں ہے۔مدر تریسا کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

☆ a) اس شعر کا شاعر ندا فاضلی ہے۔

b) مدر تریسا ایک سماجی خدمت گار تھی۔ انہوں نے اپنی زندگی بیماروں اور لاچاروں کے لیے وقف کر دی تھی۔ وہ ''غریبوں کا مسیحا'' کے نام سے مشہور ہے۔ وہ سارے انسانوں کی بھلائی کے لیے کام کرتی تھی۔

14. میں ساجن ہوں۔ گاؤں میں امّی کے ساتھ رہتا ہوں۔ میری ماں بازار کی صفائی کا کام کرتی ہیں۔

بچّو، ساجن اپنے بارے میں کہہ رہا ہے۔ آپ اپنے بارے میں لکھیے۔ 3

☆ میں روشن ہوں۔ میں اپنے ماں باپ اور بھائی بہن کے ساتھ گاؤں میں رہتا ہوں۔ میرا ابّا جان ایک کسان ہے۔ میں دسویں جماعت میں پڑھ رہا ہوں۔ کھیتی باڑی میں میں اپنے ابّا جان کی مدد کرتا ہوں۔

15. نہ دنیا کا غم تھا نہ رشتوں کا بندھن
بڑی خوب صورت تھی وہ زندگانی

بچپن زندگی کا خوب صورت زمانہ ہے۔ 3

بچّو، شعر کی روشنی میں بچپن کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

☆ بچپن بہت پیارا زمانہ ہے۔
بچپن میں دنیا کا غم نہیں ہوتا ہے۔
بچپن میں رشتوں کا بندھن کوئی بڑی بات نہیں ہے۔
اس لیے بچپن کی زندگی بڑی خوب صورت ہوتی ہے۔

16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی 4 کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔ 4x4=16

16. جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی
پیاسا تمام روز بٹھاتی ہے مفلسی بھوکا تمام رات سلاتی ہے مفلسی

اشعار میں شاعر مفلسی کے بارے میں بیان کرتا ہے۔

مفلسی کی وجہ سے زندگی میں کیا کیا مسائل پیش آتے ہیں؟ آپ کے خیالات لکھیے۔ 4

☆ یہ نظیر اکبر آبادی کے لکھے ہوئے اشعار ہیں۔ شاعر اس نظم میں مفلسی کے بارے میں بہت کچھ بتا رہے ہیں۔ مفلسی کی وجہ سے انسان کی زندگی میں بہت سے مسائل پیش آتے ہیں۔ آدمی کی زندگی میں مفلسی آتی ہے تو اسے طرح طرح کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ تمام دن رات وہ بھوکا پیاسا رہتا ہے۔ مفلس کی زندگی میں کوئی لطف نہیں ہوتا ہے۔

17. عبارت پڑھ کر اشاروں کی مدد سے چار سوالات تیار کیجیے۔ 4

نظیر اکبر آبادی اردو کے مشہور عوامی شاعر تھے۔ وہ ۱۷۴۰ء کو دہلی میں پیدا ہوئے۔ ان کا اصلی نام ولی محمد تھا۔ اردو نظم نگاری کا آغاز ان سے ہوا۔ برسات، ہولی، دیوالی وغیرہ ان کی مشہور نظمیں ہیں۔ وہ نیچرل شاعری کے امام تھے۔ ۱۸۳۰ء میں ان کا انتقال ہوا۔ (اشارے : کون، کب، کیا کیا، کہاں)

☆ نظیر اکبر آبادی کون تھے؟

نظیر اکبر آبادی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

نظیر اکبر آبادی کا اصلی نام کیا تھا؟

نظیر اکبر آبادی کی مشہور نظموں کے نام کیا کیا ہیں؟

18. ساجن آئی اے ایس کا امتحان پاس ہو گیا۔ اس کو مبارک باد دیتے ہوئے جگری دوست الطاف ایک خط لکھنا چاہتا ہے۔ بچّو، ساجن کے نام الطاف کا خط تیار کیجیے۔ 4

☆ کاسرگوڈ

۱۸/ اگست ۲۰۲۳ء

پیارے دوست ساجن، آداب عرض ہے!

میری امید ہے کہ آپ اور خاندان خیریت سے ہوں گے۔ آئی اے ایس امتحان میں آپ کی کامیابی کی خبر پا کر ہم سب یہاں بہت خوش ہیں۔ اس خوشی کے موقع پر میں آپ سے ملنا چاہتا ہوں۔ آپ کی کامیابی پر میرے دل کی گہرائی سے ہزاروں مباک باد ہیں۔ آپ کے ساتھ خوشیاں منانے کے لیے میں خاندان کے ساتھ اونم کی چھٹیوں میں ضرور آپ کے ہاں آؤں گا۔

بڑے پیار سے آپ کا جگری دوست

الطاف

19. سات سال کے بعد جیل سے رہا ہو کر رحمت منّی کے گھر آیا۔ اس کو دیکھ کر رحمت خوشی سے پوچھنے لگا۔

رحمت : منّی، کیا تم مجھے بھول گئے؟

منّی : ..................................

رحمت اور منّی کی گفتگو تیار کیجیے۔ 4

☆ رحمت : منّی، کیا تم مجھے بھول گئے؟

منّی : نہیں رحمت چاچا۔

رحمت : پھر کیوں تم میرے سامنے ایک اجنبی کی طرح کھڑی ہو؟

منّی : اچانک نظر پڑی تو آپ کو معلوم نہیں ہوا۔

رحمت : کیا میں اب بوڑھا ہو گیا ہوں؟

منّی : جی چاچا۔آپ کے بال اور چہرہ بوڑھے کی طرح بن گئے ہیں۔

رحمت : آج تمہاری شادی ہے نا! تم سسرال جاؤ گی نا؟

منّی : جی چاچا۔اب میں سسرال کے معنی بالکل سمجھتی ہوں۔

رحمت : ٹھیک ہے بیٹی۔شادی مبارک ہو۔

منّی : شکریہ رحمت چاچا۔

20. آپ کے اسکول میں اردو کلب کا افتتاح ہونے والا ہے۔ پروگرام کا افتتاح ضلع کلکٹر ساجن کرتے ہیں۔ ہیڈ ماسٹر جوزف صدارت کی کرسی سجائیں گے۔صدرِ پنچایت سلیم صاحب تہنیتی خطبہ کریں گے۔
بچّو، اشاروں کی مدد سے اس پروگرام کے لیے ایک پوسٹر تیار کیجیے۔ 4

(اشارے : عنوان، تاریخ، مقام، افتتاح، صدارت، تہنیتی خطبہ)

☆ (پوسٹر آخری صفحے پر دیا جاتا ہے)

21. اشاروں کی مدد سے رابندر ناتھ ٹیگور کے بارے میں ایک سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

رابندر ناتھ ٹیگور

| | | |
|---|---|---|
| شہرت | : | شاعر، افسانہ نگار، ناول نگار |
| پیدائش | : | ۷/مئی ۱۸۶۱ء کو کلکتہ میں |
| ایوارڈ | : | ۱۹۱۳ء میں نوبیل پرائز |
| شعری مجموعہ | : | گیتانجلی |
| انتقال | : | ۷/اگست ۱۹۴۱ء |

☆ رابندر ناتھ ٹیگور بنگالی ادب کے مشہور شاعر، افسانہ نگار اور ناول نگار ہیں۔ان کی پیدائش ۷/مئی ۱۸۶۱ء کو کلکتہ میں ہوئی۔گیتانجلی ان کا مشہور شعری مجموعہ ہے۔ ۱۹۱۳ء میں نوبیل پرائز سے نوازے گئے۔ ۷/اگست ۱۹۴۱ء میں ان کا انتقال ہو گیا۔

پوسٹر


گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول ، شانتی نگر
جلوہ اردو کلب
کا
افتتاح
بروز بدھ
بتاریخ ۲/ اگست ۲۰۲۳ء
بوقت صبح ۱۱ بجے
بمقام
جوبلی ہال آڈیٹوریم
صدارت : جناب جوزف ماسٹر (ہیڈماسٹر)
افتتاح : جناب ساجن آئی اے ایس (ضلع کلکٹر)
تہنیتی خطبہ : جناب سلیم صاحب (صدرِ پنچایت)
دوپہر ۱۲ بجے سے سہ پہر ۴ بجے تک بچوں کے مختلف پروگرام
تمام احباب سے شرکت کی گذارش ہے۔
سکریٹری
جلوہ اردو کلب

☆☆☆